APR - 05217/II—B

# URDU

## Paper II

**Time Allowed : 75 Minutes]** **[Maximum Marks : 100**

**Note :** This paper contains **Fifty** (**50**) multiple choice questions. Each question carries **Two** (**2**) marks. Attempt *All* questions.

1. فیض کا کون سا مجموعہ ان کے دورِ اسیری کی یادگار رہے؟

(A) زنداں نامہ

(B) دست تہ سنگ

(C) نقش فریادی

(D) شام شہر یاراں

2. ''آیات ونغمات'' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) سردار جعفری

(B) جوش

(C) فیض

(D) جاں نثار اختر

3. وہ نظم جس میں بحر کے استعمال اور قافیوں کی ترکیب میں مقررہ اصولوں کی پابندی کی گئی ہو، کیا کہلاتی ہے؟

(A) نثری نظم

(B) آزاد نظم

(C) معرّا نظم

(D) پابند نظم

4. نظم ''مسجد قرطبہ'' اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(A) بانگ درا

(B) بال جبریل

(C) ارمغان حجاز

(D) ضربِ کلیم

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



5. وجہی نے سب رس کس کی فرمائش پر لکھی ؟

(A) محمد قلی قطب شاہ

(B) محمد قطب شاہ

(C) ابراہیم قطب شاہ

(D) عبداللہ قطب شاہ

6. آزاد بخت کس داستان کا کردار ہے؟

(A) سب رس

(B) طلسم ہوش ربا

(C) باغ و بہار

(D) فسانہء عجائب

7. 'رانی کیتکی کی کہانی میں مدن بان کون ہے؟

(A) پری

(B) رانی کیتکی کی سہیلی

(C) شہزادی

(D) رانی کیتکی کی ماں

8. ''فسانہء عجائب'' کس شہر میں لکھی گئی ؟

(A) کانپور

(B) رام پور

(C) لکھنؤ

(D) دلی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



9. ''گئو دان'' میں لیڈی ڈاکٹر کون ہے؟

(A) مسز کھنہ

(B) مالتی

(C) روپا

(D) دھنیا

10. زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کون ہے؟

(A) چوگان ہستی، پردۂ مجاز، میدان عمل، گئو دان

(B) گئو دان، چوگان ہستی، میدانِ عمل، پردۂ مجاز

(C) پردۂ مجاز، گئو دان، میدانِ عمل، چوگان ہستی

(D) چوگان ہستی، میدانِ عمل، گئو دان، پردۂ مجاز

11. ''امراؤ جان ادا'' میں کس شہر کی تہذیبی اور ثقافتی زندگی کی عکاسی نظر آتی ہے؟

(A) لکھنؤ

(B) کانپور

(C) دلی

(D) حیدرآباد

12. ''ایک چادر میلی سی'' میں تلوکا کا پیشہ کیا ہے؟

(A) یکہ چلانا

(B) ٹیکسی چلانا

(C) بس چلانا

(D) بیل گاڑی چلانا

13. کون سا ناول گوتم بدھ کے عہد سے شروع ہو کر تقسیم ہند کے المیے پر ختم ہوتا ہے؟

(A) معصومہ

(B) گریز

(C) آگ

(D) آگ کا دریا

14. کس ناول میں ''فرقہ ء باطنیہ'' کا ذکر کیا گیا ہے؟

(A) زوال بغداد

(B) فردوس بریں

(C) ایام عرب

(D) شریف زادہ

15. ''کالی شلوار'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) کرشن چندر

(B) سعادت حسن منٹو

(C) راجندر سنگھ بیدی

(D) خواجہ احمد عباس

16. اپنے دور کے تہذیبی رویے سے انحراف کر کے جنس نگاری کے پردے میں معاشرتی حقیقت نگاری کا فریضہ انجام دینے والی خاتون افسانہ نگار کا نام ہے:

(A) قرۃ العین حیدر

(B) جیلانی بانو

(C) ہاجرہ مسرور

(D) عصمت چغتائی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



17. ''مکتی بودھ'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) عصمت چغتائی

(B) راجندر سنگھ بیدی

(C) خواجہ احمد عباس

(D) کرشن چندر

18. افسانہ ''عیدگاہ'' میں بچہ کیا خریدتا ہے؟

(A) چمٹا

(B) مٹھائی

(C) کپڑا

(D) کھلونا

19. کس ڈرامے سے لکھنوی مزاج کی تماشا پسندی، تعیش پسندی اور لہو و لعب میں دلچسپی منظر عام پر آتی ہے؟

(A) چمنِ عشق

(B) آگرہ بازار

(C) انارکلی

(D) اندرسبھا

20. ڈراما انارکلی میں شیزادہ سلیم کا بے تکلف دوست کون ہے؟

(A) بختیار

(B) سہراب

(C) ضحاک

(D) رستم

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



21. ذیل میں سے کون آغا حشر کاشمیری کا ڈراما نہیں ہے؟

(A) سلور کنگ

(B) یہودی کی لڑکی

(C) سفید خون

(D) رادھا کنھیا

22. ''شہزادے کا بازار میں گھسٹنا'' یہ کس کا مضمون ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) خواجہ حسن نظامی

(C) پطرس بخاری

(D) آل احمد سرور

23. ذیل میں سے کون سا مضمون سرسید احمد خاں کا نہیں ہے؟

(A) تعصب

(B) امید کی خوشی

(C) بحث وتکرار

(D) گلشن امید کی بہار

24. ''نکات الشعراء'' کا مولف کون ہے؟

(A) میر حسن

(B) میر تقی میر

(C) محمد حسین آزاد

(D) گلام حسین شورش

www.prepp.in
Prepp Your Personal Exams Guide



25. نیاز فتح پوری کس تنقیدی دبستان سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A) جمالیاتی

(B) ترقی پسند

(C) مارکسی

(D) عملی

26. ''غزل نیم وحشی صنف سخن ہے۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(A) خواجہ احمد فاروقی

(B) احتشام حسین

(C) آل احمد سرور

(D) کلیم الدین احمد

27. ذیل میں سے کون سی کتاب احتشام حسین کی ہے؟

(A) جدید اردو تنقید اصول ونظریات

(B) روایت اور بغاوت

(C) نئے اور پرانے چراغ

(D) شناسا چہرے

28. ''پنجاب میں اُردو'' کس محقق کی کتاب ہے؟

(A) محمود شیرانی

(B) قاضی عبدالودود

(C) رشید حسن خاں

(D) نصیرالدین ہاشمی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



29. ''ریختہ'' کے لغوی معنی ہیں :

(A) تعریف کرنا

(B) مذاق اڑانا

(C) محبت کرنا

(D) مِلا ہوا

30. ''ژ'' کس زبان کا خالص حرف ہے؟

(A) فارسی

(B) عربی

(C) سندھی

(D) ہندی

31. کس شاعر کے وطن، نام سنہء پیدائش اور سنہء وفات کے بارے میں محققین متفق الرائے نہیں ہیں؟

(A) قلی قطب شاہ

(B) سراج

(C) ولی

(D) میر تقی میر

32. عہد متوسطین کے کس شاعر نے کسی بادشاہ یا رئیس کی مدح سے اپنے قلم کو آلودہ نہیں کیا؟

(A) میر تقی میر

(B) میر درد

(C) میر حسن

(D) مصحفی

33. لکھنؤ کے کس شاعر کے یہاں وارداتِ عشق کی کیف و مستی تصوف کی چاشنی اور قلندرانہ شان ملتی ہے؟

(A) آتش

(B) ناسخ

(C) انیس

(D) نسیم

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



34. رام بابو سکسینہ نے کس کے عہد کو اُردو شاعری کا عہدِ زرّیں کہا ہے؟

(A) آرزو و حاتم

(B) انیس و دبیر

(C) انشا و مصحفی

(D) میر و سودا

35. سب سے پہلے اردو کے کس شاعر کو گیان پیٹھ ایوارڈ دیا گیا ہے؟

(A) فراق

(B) جوش

(C) حسرت

(D) فیض

36. کس شاعر نے قومی معاملات اور ملکی سیاست میں سرگرم حصہ لینے کے باوجود غزل کی آبیاری اپنے خونِ جگر سے کی؟

(A) اصغر

(B) حسرت

(C) فانی

(D) شاد

37. اس مصرعے کی نشاندہی کیجیے جس میں ناسخ نے میر کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کیا ہے؟

(A) میر کا شیوۂ گفتار کہاں سے لاؤں

(B) نہ ہوا پر نہ ہوا میر کا انداز نصیب

(C) آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں

(D) معتقد کون نہیں میر کی استادی کا

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



38. بازیچہء اطفال ہے دنیا میرے آگے
ہوتا ہے شب و روز تماشا میرے آگے
یہ کس کا شعر ہے؟

(A) سودا

(B) آتش

(C) مومن

(D) غالب

39. زہرہ، مشتری کس مثنوی کے کردار، ہیں؟

(A) سیف الملوک و بدیع الجمال

(B) طوطی نامہ

(C) پھول بن

(D) قطب مشتری

40. پنڈت دیا شنکر نسیم نے کس سے مشورۂ سخن کیا؟

(A) خلیق

(B) ناسخ

(C) آتش

(D) انشا

41. ذیل میں سے کون سی مثنوی عادل شاہی عہد کی منظوم تاریخ ہے؟

(A) ابراہیم نامہ

(B) علی نامہ

(C) خاور نامہ

(D) ہشت بہشت

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



42. برس پندرہ یا کہ سولہ کا سِن
جوانی کی راتیں مُرادوں کے دن
یہ شعر کس مثنوی کا ہے؟
(A) گلزارنسیم
(B) سحرالبیان
(C) نیرنگ خیال
(D) گلشن عشق

43. اردو قصیدے کے اولین نمونے کہاں ملتے ہیں؟
(A) دکن میں
(B) دلی میں
(C) لکھنؤ میں
(D) لاہور میں

44. سودا اور ذوق کے بعد اردو قصیدہ گوئی کے بڑے شاعر کون ہیں؟
(A) محسن
(B) امیر مینائی
(C) مصحفی
(D) آتش

45. ''شب کو میں اپنے سربستر خواب راحت''
یہ کس کے قصیدے کا مصرع ہے؟
(A) ذوق
(B) محسن
(C) سودا
(D) غالب

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



46. ''کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے''

اس مصرعے میں لفظ شیر کا استعمال کس طور

پر ہوا ہے؟

(A) مجاز

(B) تشبیہ

(C) استعارہ

(D) کنایہ

47. کس نقاد نے شبلی کو انیسیے کہا ہے؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) مسعود حسین

(C) آل احمد سرور

(D) جمیل جالبی

48. ''حُسین اور انقلاب'' اس عنوان سے کس نے مرثیہ لکھا ہے؟

(A) شاد عظیم آبادی

(B) جمیل مظہری

(C) حالی

(D) جوش

49. شمالی ہند کا پہلا عوامی اور جمہوری شاعر کون ہے؟

(A) نظیر اکبر آبادی

(B) چکبست

(C) حالی

(D) سرور جہاں آبادی

50. صحیح جوڑی کی نشاندہی کیجئے :

(A) فیض — زمین زمین

(B) مخدوم — بساطِ رقص

(C) جوش — سروادی سینا

(D) اختر الایمان — روح ادب

www.prepp.in



ROUGH WORK

www.prepp.in



## ROUGH WORK